Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 38, Sr.No.108, 2017 pp 107 - 118

مجلۂ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۸، جولائی۔ستمبر ۲۰۱۷ء، شمارہ ۱۰۸

# اقبال کے تعلیمی نظریات

ڈاکٹر قمر بتول☆

**Abstract:**

Iqbal was a philosophical poet, writer, researcher, economist and an educationist. He wanted to introduce a separete and Islamic educational system. The concept of ontology, epistemology, axiology, ego(Khudi), women education, teaching methodology, curriculum, character of teacher and develop muslim (Mard-e-Momin) have been taken by educational thoughts of Iqbal. The effects of these concepts are also prominent in his poetry. This article is an effort to study these concepts as well as to evaluate the educational conditions of the period in which this legend was alive.

***Key Words***: Iqbal, Ontology, Epistemology, Axiology, Curriculum, ego, teaching techniques.

تعلیم کا بنیادی مقصد انسان، کائنات اور خالق کائنات کے درمیان ربط پیدا کرنا اور اس کو استوار رکھنا ہے۔ تعلیم ایک ایسا آلہ ہے جو انسان کو شعور عطا کرتا ہے اُسے وجدان و کیف کی منزلوں سے روشناس کرواتا ہے۔ اس کی خودی کو بیدار کرتا ہے اور اسے کائنات سے متعارف کروا کے عرفانِ خداوندی سے آشنا کرتا ہے۔ خالقِ کائنات نے انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر اس پر جو ذمہ داریاں رکھی ہیں۔ ان سے انسان کو آگاہ کرتا ہے تا کہ وہ اپنی زندگی حکم الٰہی کے تابع کرے۔ اقبال کے تعلیمی نظریات میں بھی اسلامی عقائد اور اطوار کا جذبہ کارفرما ہے۔ وہ ایسی تعلیم کے قائل ہیں جو انسانی زندگی کو نظم و ضبط عطا کرے۔ جسمانی و ذہنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائے اور اخلاقی قدروں کو ایسی جلا بخشے کہ معاشرے میں فرد و آدمیت کے احترام میں اضافہ ہو۔

---

☆ اسسٹنٹ پروفیسر ایجوکیشن، گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ اسلامیہ کالج برائے خواتین لاہور کینٹ۔